01/10/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سرینگر میں جموں کشمیر پولیس Martyrs میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب میں شرکت کر کے کہا ہے کہ یہ ٹورنامنٹ محض ایک کھیل مقابلہ نہیں ہے بلکہ یہ یاد کرنے کا ایک موقعہ بھی ہے کہ جموں کشمیر پولیس نے ہمیشہ یوٹی میں امن بحال کرنے کے لئے بے پناہ قربانیاں دی ہیں ۔

اس سے قبل جموں میں انہوں نے " وکست بھارت کے رنگ -کلا کے سنگ " کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہاکہ سیوا پرو نوجوان پود کو ایک مثبت سوچ کے ساتھ مستقبل کے چلینجوں کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار کررہی ہے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ انکی حکومت عوام کے ساتھ کئے گئے تمام وعدوں کو پورا کرنے کےلئے پُر عزم ہے اور لوگوں کو بہتر حکمرانی فراہم کرنے کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔وہ اننت ناگ کے مختلف علاقوں میں 64 کروڑ روپے کی لاگت والی 15 واٹر سپلائی سکیموں کو عوام کے نام وقف کرنے کے موقعہ پر ایک عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے تھے ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سرینگر میں جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کے کام کا جائزہ لیتے ہوئے سرکاری محکموں کے کام کاج میں مزید شفافیت اور جوابد ہی لانے کی ضرورت اجا گر کی ہے ۔

چیف سیکریٹری نے Literacy ڈیپارٹمنٹ آف سکول ایجوکیشن اینڈ کے مرکزی سیکریٹری سنجے کمار کے ساتھ ایک علیحدہ میٹنگ مین جموں کشمیر میں محکمہ تعلیم میں اصلاحات کرنے کے جاری اقدامات کا جائزہ لیا ۔

اٹل ڈلو نے ساتھ ہی یوٹی بھر میں ڈینٹل ہیلتھ سروسز کی دستیابی اور رسائی بڑھانے کی غرض سے درکار اقدامات کے بارے میں نیتی آیوگ کے ممبر ڈاکٹر وی کے پال کے ساتھ تفصیلی تبادلہ خیال کیا ۔ اس موقعہ پر محکمہ صحت و تعلیم کے سیکریٹری ڈاکٹر سید عابد رشید شاہ اور ڈینٹل کالجوں کے پرنسپل صاحبان بھی موجود تھے ۔

مہا نومی

آج مہا نومی ہے ۔ اس سلسلے میں پنڈت اور ہندو عقیدت مند، مندروں میں خصوصی پوجا پاٹ کرنے میں محو ہیں ۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے عوام کو مہا نومی کے موقعہ پر مبار کباد دی پیش کرتے ہوئے ان کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے ۔

لیبر کمشنر

جموں کشمیر کے لیبر کمشنر چرندیپ سنگھ نے کپواڑہ میں ٹرانسپورٹ ، تجارت ، صنعت ، پرائیویٹ سکول ایسو سی ایشنوں کے نمائندوں اور تعمیراتی ورکروں جیسے متعلقین کے ساتھ بالمشافہ ملاقات کر کے مستحق ورکروں میں امدادی چیک تقسیم کئے ۔ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لیبر ڈیپارٹمنٹ بلڈنگ اینڈ Other کنسٹرکشن ورکروں کی فلاح و بہبود کے لئے کار بند ہے ۔

سرینگر میونسپل کارپوریشن

سروسز لمیٹڈ کے Energy Efficiency سرینگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر فضل الحسیب نے افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران ٹریف منیجمنٹ سسٹم کے پروجیکٹوں کی عمل آوری ، کار کردگی اور مجموعی کام کاج کا جائزہ لیا ۔ انہوں Intelligent پروجیکٹوں اور نے سبھی پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل یقینی بناتے ہوئے ان کی عمل آوری میں حائل رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کرنے کی ہدایت دی ۔

کمشنر موصوف نے کیپیکس بجٹ 2025-26 کے تحت کاموں کے لئے سرمایہ کے تصرف کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا ۔

ڈائریکٹر ایگریکلچر

ڈائریکٹر ایگریکلچر کشمیر سرتاج احمد شاہ نے محکمے کی سبھی سکیموں کے فوائد کا دائرہ مزید وسیع کرنے پر زور دیتے ہوئے دستیاب وسائل کا منصفانہ استعمال کرنے کی ضرورت اجا گر کی ہے ۔ وہ ضلع بارہمولہ میں ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام اور محکمے میں عملائے جانے والے دیگر کئی مرکزی اور یوٹی سرکار کے معاونت والے پروگراموں کی عمل آوری کا جائزہ لے رہے تھے ۔

اوقات کار

محکمہ سکولی تعلیم کشمیر نے تین اکتوبر سے وادی کے سبھی سرکاری اور پرائیویٹ سکولوں کے اوقات کار میں تبدیلی لانے کا اعلان کیا ہے ۔ محکمہ سکولی تعلیم کشمیر کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر جی این ایتو کے مطابق سرینگر میونسپل حدود میں آنے والے سکولوں کے اوقاتِ کار صبح نو بجے سے سہ پہر تین بجے تک // جبکہ سرینگر میونسپل حدود سے باہر وادی کے دیگر سبھی علاقوں میں سکولوں کا کام کاج صبح دس بجے سے سہ پہر چار بجے تک مقرر کیا گیا ہے ۔

سیوا پرو

سیوا پرو کے تحت وادی کے مختلف اضلاع میناَج بھی متعلقہ محکموں کی جانب سے پروگراموں کے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے ، جس دوران سرکار کی مختلف حصولیابیوں اور عوامی بہبودی کے اقدامات کو اجا گر کیا جارہا ہے۔ان پروگراموں میں بنیادی ڈھانچے کی تعمیر اورسرکاری سرگرمیوں میں عوامی شمولیت کو بھی اُجاگر کیا جا رہا ہے۔

سیوا پرو کے تحت محکمہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کی طرف سے بھی پوری یوٹی میں کامن سروس سینٹرس ، بیداری ورکشاپس کا اہتمام کر رہے ہیں تاکہ ڈیجیٹل خدمات کے بارے میں زمینی سطح پر جانکاری عام کی جا سکے ۔

سواستھ ناری سشکت پریوار ابھیان

دوسر ی طرف سواستھ ناری سشکت پریوار ابھیان کے تحت منعقد ہ پروگراموں میں خواتین کے تغذیے اور ان کی صحت پر توجہ مرکوز ہے ۔

ابھیان کے تحت کمیونٹی ہیلتھ سینٹر راج پورہ پلوامہ میں ایک ہیلتھ کیمپ کا انعقاد عمل میں لایا گیا جس کا افتتاح ایم ایل اے راج پورہ پلوامہ ڈاکٹر تہمینہ جبین کی موجود گی میں کیا ۔ پروگرام کے دوران 350 مستحقین کو ضروری فوائد CMO غلام محی الدین میر نے تفویض کئے گئے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ